تبصرے

جدید رسائل اور خاص نمبر

مجلّہ علوم اسلامیہ ۔ مرتبہ ڈاکٹر مختارالدین احمد۔ تقطیع کلاں ضخامت ۲۲۲ صفحات ٹائپ خوبصورت اور روشن ۔قیمت فی پرچہ پانچ روپیہ ۔ پتہ :۔ انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز۔ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ ۔

جیساکہ نام سے ظاہر ہے یہ ششماہی مجلّہ مسلم یونیورسٹی کے ادارۂ علوم اسلامیہ کی طرف سے گذشتہ ماہ جون سے شائع ہونا شروع ہوا ہے ۔ یہ اُس کا پہلا نمبر ہے ۔ اس میں عربی اور فارسی ادبیات پر دس مقالات ہیں جو علم و ادب کی نامور شخصیتوں کی علمی و تحقیقی کاوش کا ثمرہ ہیں ۔ اس کے بعد معرفۃ المذاہب نامی ایک مختصر مخطوطہ کا متن ہے جس کو ڈاکٹر عبدالعلیم صاحب نے اڈٹ کیا ہے ۔ پھر معلومات و مراسلات کے زیرعنوان لائق مرتب نے آخری خلیفہ خلافت بغداد معتصم باللہ کے مشہور وزیر ابن العلقمی کے کتب خانہ کے ایک مخطوطہ کتاب الموشح سے جس پر وزیر موصوف کے دستخط بھی ہیں متعارف کرایا ہے اور ڈاکٹر سید نعیم الدین نے ٹرکی کے دو مخطوطوں سے عربی کے ۲۷ شعر جو اب تک غیر مطبوعہ ہیں شائع کئے ہیں ۔ اس کے بعد جدید کتب کے سلسلہ میں ڈاکٹر نذیر احمد نے دیوان ابوطالب کاشانی پر تبصرہ کیا ہے ۔ آخر میں جرمنی کے مشہور مستشرق پروفیسر العرلستان پر ڈاکٹر عبدالستار صدیقی کا بڑا دلچسپ اور معلومات افزا مقالہ ہے ، پہلے مقالہ کو مستثنیٰ کرکے جو ڈاکٹر اسٹرن کے قلم سے اندلس کی نزہون نامی ایک شاعرہ کے موشحہ نظم پر عربی زبان میں ہے' باقی سب مقالات اُردو میں ہیں اور علمی حیثیت سے بلند پایہ اور محققانہ ہیں ، پنجاب یونیورسٹی لاہور کے پُرانے اورنٹیل کالج میگزین کے بعد غالباً عربی اور فارسی ادبیات سے متعلق اردو کا یہ دوسرا اعلیٰ معیار کا تحقیقی پرچہ ہے جو انسٹیٹیوٹ کی شایانِ شان ہو اس سے ایک اہم خلا جو عرصہ سے محسوس کیا جا رہا تھا اس کی تکمیل ہوگئی ۔اُمید ہے کہ علمی حلقوں میں اس کا خاطر خواہ خیر مقدم کیا جائیگا ۔

مجلس ۔اڈیٹر جناب محمد منظور احمد صاحب ۔تقطیع کلاں ضخامت ۱۱۸ صفحات ۔ٹائپ عمدہ ۔ سالانہ